14/01/2025

12.30 AM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

مشن موسم

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں مشن موسم کی شروعات کر رہے ہیں۔ مشن کا مقصد ملک کو موسمیات کے شعبے میں جدید اور سمارٹ بنانا ہے ۔وزیر اعظم بھارت منڈپم میں بھارتی محکمہ موسمیات کے150ویں تاسیس پر مشن کی شروعات کر رہے ہیں ۔اس موقعے پر وہ عوامی اجتماع سے خطاب بھی کر رہے ہیں۔

حج

بھارت اور سعودی عرب نے حج 2025معاہدے پر دستخط کئے ۔اس معاہدے کی رو سے بھارت کو آنے والے حج کیلئے ایک لاکھ 75ہزار 25 حج سیٹوں کا کوٹا حاصل ہوگا ۔

دریں اثنا وزیر اعظم نریند رمودی نے اس معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ حکومت عازمین حج کو معیاری سہولیات بہم پہنچانے کی وعدہ بند ہے۔

مکر سنکراتی

ملک کے مختلف حصو نمیں آج فصلوں کی کٹائی کا تہوار مکر سنکراتی جوش و خروش کے ساتھ منایاجا رہا ہے۔اس ضمن میں اُ تر پردیش کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میں شردھالوں مکر سنکراتی امرت سنان کر رہے ہیں۔ کل پووش پورنیما کے موقعے پرمہا کنبھ میں ایک کروڑ 50لاکھ سے زائد شردھالوں نے پوتر سنان میں حصہ لیا ۔ مہاکنبھ 26فروری کو مہا شیو راتری کے موقعے پر اختتام پذیر ہوگا ۔

وزیر اعظم مبارکباد

وزیر اعظم نریندر مودی نے مکر سنکراتی ، ماگھ بیہو اور اُتر یان کے موقعے پر لوگوں کو مبارکبا د دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ یہ تہوار ہم سب کی زندگیوں میں کامیابی اور خوشی کی نوید لیکر آئے ۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے تہواروں سے آپسی بھائی چارے کی روایات مزید مضبوط ہوتی ہیں۔

نائب صدر

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت پوری دنیا میں امن استحکام اور ترقی کا خواہاں ہے ۔ نئی دلی میں نیو یارک یونیورسٹی کے طلباءاور فیکلٹی ممبران کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ بھارت پوری دنیا کے ایک ثقافتی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے

بانڈی پورہ

ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ایک میٹنگ کے دوران سوچھ بھارت مشن کیلئے سال2025-26کیلئے سالانہ عمل آوری منصوبے کو حتمی شکل دی ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ سوچھ بھارت مشن اثاثوں کے بارے میں عام لوگوں میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کریں ۔

شوپیان

شوپیان کے ضلع کمشنر محمد شاہد سلیم ڈار نے سید پورہ گاؤں کا دورہ کرکے وہاں آ گ سے متاثرین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ۔ انہوں نے ایک متاثر شخص کو بیس ہزار روپے کی فوری مالی امداد فراہم کی ۔

اینمل ہسبنڈری

ڈائریکٹر اینمل ہسبنڈری کشمیر ڈاکٹر پروبندر سُدن نے ایک میٹنگ کے دوران محکمے کی طرف سے عملائے جارہی متعدد اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ کے دوران وادی میں پشو پالن کے شعبے کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے سے جڑے امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا گیا ۔لوک عدالت

اور MACT جموں کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کی طرف سے جاری کلینڈر کے مطابق ضلع کورٹ کمپلیکس سرینگر میں بینک ریکوری کیسوں سے متعلق 24جنوری کو ایک خصوصی لوک عدالت کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

چمپئن شپ

مولانا آزد اسٹیڈیم جموں میں نیشنل ایروبک جمناسٹکس چمپئن شپ 2024اختتام پذیر ہوئی۔ مہاراشٹر نے چمپئن شپ کا خطاب حاصل کیا جبکہ گجرات نے دوسرا مقام اور میزبان جموں کشمیر نے دوسرے رنر اپ کی پوزیشن حاصل کی ۔ اس چمپئن شپ میں بیس ریاستوں اور یو ٹی سے تعلق رکھنے والے پانچ سو کھلاڑیوں نے شرکت کی۔

ٹیکس

ملک کے مجموعی براہ راست ٹیکسوں میں رواں مالی سال کے دوران اب تک سولہ فیصد اضافہ درج کیاگیا ہے اور یہ رقم 16لاکھ90ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے ۔

مبارکباد

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ اور جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مکر سانکرانتی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

بریک

خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس پر بھیج سکتے ہیں - akashvanisrinagarnews@gmail.com

NTA

نیٹ دسمبر2024امتحان ملتوی کیا ہے ۔ تاہم 16جنوری کو طے UGC نے کل لئے جانے والاNTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی شدہ امتحان شیڈول کے مطابق لیا جائے گا۔

چمپئن شپ

مولانا آزد اسٹیڈیم جموں میں نیشنل ایروبک جمناسٹکس چمپئن شپ 2024اختتام پذیر ہوئی۔ مہاراشٹر نے چمپئن شپ کا خطاب حاصل کیا جبکہ گجرات نے دوسرا مقام اور میزبان جموں کشمیر نے دوسرے رنر اپ کی پوزیشن حاصل کی ۔ اس چمپئن شپ میں بیس ریاستوں اور یو ٹی سے تعلق رکھنے والے پانچ سو کھلاڑیوں نے شرکت کی۔

دن

KM ڈے منایاجا رہا ہے ۔ یہ دن بھارتی فوج کے پہلے سربراہ فیلڈ مارشل Veterans آج پورے ملک میں آرمڈ فورسز کی طرف سے انجام دی گئی خدمات کی یاد میں منایا جاتا ہے ۔Cariappa

اطلاع

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تدریسی سال 2025کیلئے 18پوسٹ گریجوٹ پروگراموں میں آن لائن درخواست فارم جاری کئے ہیں۔ خواہشمند امید وار اپنے فارم یکم فروری 2025 تک آن لائن جمع کرا سکتے ہیں۔

ورکشاپ

پولیس نے ضلع پولیس لائینز اونتی پورہ میں پولیس ضلع اونتی پورہ کے افسروں اور اہلکاروں کیلئے نئے فوجداری قوانین سے متعلق پانچ روزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ